**07.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

.............................................................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی بھارت-روس سالانہ سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے ماسکو جائیں گے۔

☆ دو روزہ جگناتھ رتھ یاترا اُڈیشہ کے مقدس شہر پُری میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی موجودگی میں شروع ہوگئی ہے۔

☆ حفاظتی دستوں نے جموں وکشمیر کے کُلگام ضلعے میں دو جھڑپوں میں 6 دہشت گردوں کو مار گرایا ہے۔

☆ سپریم کورٹ کل، NEET-UG سے متعلق درخواستوں کے مجموعے پر سنوائی کرے گا، جن میں نئے سرے سے امتحان کرانے کی درخواستیں بھی شامل ہیں۔

☆ بھارت نے ملیشیا میں ایشین ڈبلز اسکویش چمپئن شپس کے مردوں کے ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز، دونوں زمروں کے خطاب حاصل کئے ہیں۔

☆ اور ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، ہرارے میں دوسرے میچ میں بھارت نے زمباوے کو 100 رن سے ہرایا۔

.............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## Rev- PM Russia Visit

وزیراعظم نریندر مودی کل روس اور آسٹریا کے تین روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔

اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں جناب مودی ماسکو میں، بھارت اور روس کے درمیان 22 ویں سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ سالانہ سربراہ کانفرنس سے وزیراعظم مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کو بہت سے دوطرفہ معاملات کا مجموعی طور پر جائزہ لینے کا موقع ملے گا، جس میں دفاع، تجارتی رابطے، سرمایہ کارانہ تعلقات، توانائی، تعلیم، ثقافت کے شعبوں میں تعاون اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے شامل ہیں۔

دونوں رہنما برکس، شنگھائی تعاون تنظیم، جی-ٹوینٹی، مشرقی ایشیاء کی سربراہ کانفرنس اور اقوام متحدہ جیسے گروپوں میں دوطرفہ سرگرمیوں کی صورتحال کا بھی جائزہ لیں گے۔

منگل کو وزیراعظم کی سرگرمیوں میں، روس میں بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت بھی شامل ہے۔ وہ کریملن میں گمنام سپاہیوں کے مقبرے پر گلدائرہ بھی نظر کریں گے اور ماسکو میں نمائش کے مقام پر رُستم پویلین بھی جائیں گے۔اس سے پہلے اس ہفتے میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِنے کواترا نے بتایا تھا کہ بھارت-روس کے درمیان 2020 سے ایک خصوصی شراکت داری قائم ہے، جس میں کثیر جغرافیائی وسیاسی چیلنجوں کی وجہ سے وقتاً فوقتاً تبدیلی آتی رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان سالانہ سربراہ کانفرنس، ایسا اعلیٰ ترین نظام ہے، جس کا مقصد بھارت اور روس کے درمیان تعاون کو آگے بڑھانا ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے روس میں بھارت کے سفیر وِنے کمار نے اس دورے کو یہ کہتے ہوئے بہت اہم قرار دیا کہ یہ دورہ تین سال کے وقفے کے بعد کیا جا رہا ہے۔

وزیراعظم اپنے دو ملکوں کے دوسرے مرحلے میں آسٹریا کے چانسلر کی دعوت پر اس ماہ کی 9 اور 10 تاریخ کو وہاں جائیں گے۔ وہ چانسلر کے ساتھ وفد کی سطح کی محدود بات چیت کریں گے اور کچھ اعلیٰ سطحی تجارتی سرگرمیوں میں بھی شرکت کریں گے۔x

## Rev. Delhi BJP Meeting

مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما پیوش گوئل نے آج کہا ہے کہ عوام نے NDA سرکار کو تیسری میعاد کیلئے جو موقع دیا ہے وہ گذشتہ دس برس میں کئے گئے کام کا نتیجہ ہے۔ دِلّی BJP کی توسیع شدہ ایگزیکیٹو میٹنگ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ مودی سرکار نے مختلف اسکیموں کو نافذ کرکے ملک میں یکسر تبدیلی لائی ہے۔ جناب گوئل نے بتایا کہ وزیراعظم نے اپنی تیسری مدت میں ملک میں تین گنا ترقی حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کانگریس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ ملک کے عوام نے حالیہ انتخابات میں اپوزیشن کو مسترد کردیا ہے۔

S/B Pyush Goyal

اختتامی خطاب میں BJP کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کے نتیجے پارٹی کیلئے انتہائی امید افزا ہیں اور قومی راجدھانی میں 1998 کے بعد پہلی بار حکومت تشکیل دینا ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔x

## Manipur Rahul

کانگریس رہنما راہل گاندھی ایک دن کے دورے پر کل منی پور پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران، وہ حالیہ تشدد سے متاثرہ اُن کنبوں سے ملاقات کریں گے، جو مختلف کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔ اپوزیشن رہنما کا، منی پور کی گورنر Anusuiya Uikey سے بھی ملنے کا پروگرام ہے۔

راہل گاندھی کے دورے سے قبل، حفاظتی اقدامات سخت کردیئے گئے ہیں۔ Jiribam ضلع کے ڈپٹی کمشنر نے نو فلائی زون نافذ کردیا ہے اور اُن کے دورے کے دوران، ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔x

## Odisha Rath yatra

بھگوان جگناتھ، بھگوان بل بھدر، دیوی سُبھدرا اور بھگوان سدرشن کی دنیا بھر میں مشہور رتھ یاترا، آج شام اڈیشہ کے مقدس شہر پُری میں شروع ہوگئی۔ گرانڈ ٹرنک روڈ پر، جہاں یہ تینوں رتھ لے جائے جارہے ہیں، بے شمار عقیدت مند جمع ہیں۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے رتھوں کی پریکرما کی اور دیوتاؤں کے آگے سر جھکایا۔

ان عظیم رتھوں کی یاترا نکالنے کا سلسلہ بارہویں صدی سے جاری ہے۔ یہ رتھ یاترا جگناتھ مندر سے تقریباً ڈھائی کلو میٹر دور گنڈیچا مندر لے جائی جاتی ہے۔

V-C Prakash

بھگوان جگناتھ کو Nandighosa رتھ، جبکہ دیوی Subhadra اور سری Chakraraj Sudarshan کو Debadalana رتھ اور بھگوان بل بھدر کو Taladhwaja رتھ کے ذریعے لے جایا گیا۔

پوری کے گجاپتی Dibyasingha Deb نے Chherapahanra کی رسم انجام دی۔ روایت کے مطابق اِن رتھوں کو تھوڑے فاصلے تک سورج غروب ہونے سے قبل لے جایا گیا۔ اَب اِنھیں کل دوبارہ لے جایا جائے گا۔رتھ یاترا کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے دورے کے پیش نظر وسیع حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔ اِس موقع پر اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی اور دیگر سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔

پوری سے آکاشوانی نیوز کیلئے پرکاش داش کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## J&K Kulgam Encounter

کشمیر وادی میں کلگام ضلعے میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ دو الگ الگ جھڑپوں میں 6 دہشت گرد مارے گئے۔ ضلعے کے Frisal Chinnigam اور Motergam علاقے میں دہشت گردوں کے موجود ہونے کے بارے میں مخصوص خفیہ اطلاع ملنے پر کل سہ پہر یہ تصادم شروع ہوئے تھے۔ ڈائرکٹر جنرل پولیس RR Swain نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اِس بات کی تصدیق کی ہے۔اپنے فرائض انجام دیتے وقت شدید طور پر زخمی ہونے والے دو سکیورٹی اہلکار شہید ہوگئے۔Frisal Chinnigam اور Motergam دونوں مقامات پر کارروائی آج دوسرے دن بھی جاری ہے تاکہ وہاں چھپے ہوئے دہشت گردوں کو نکال باہر کیا جاسکے۔x

## SC-NEET

سپریم کورٹ کل NEET-UG سے متعلق عرضیوں کی سماعت کرے گی، اِن میں از سرِ نو امتحان کرائے جانے کے مطالبے سے متعلق درخواستیں بھی شامل ہیں۔سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کی گئی کاز فہرست کے مطابق 26 عرضیوں کا مجموعہ، چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس J.B. Pardiwala اور جسٹس منوج مشرا پر مشتمل بینچ کے سامنے سماعت کیلئے پیش کیا جائے گا۔ طلباء کی طرف سے داخل کی گئی عرضداشتوں میں NEET امتحان کے دوران ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں کی آزادانہ اور علیحدہ تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ مرکز نے بڑھتے ہوئے NEET

تنازعہ کے درمیان سپریم کورٹ میں حلف نامہ داخل کیا ہے۔مرکز نے کہا ہے کہ امتحان میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیاں ہونے کے شواہد نہ ہونے کی وجہ سے NEET-UG 2024 امتحان دوبارہ کرائے جانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ NEET امتحان دوبارہ کرائے جانے سے لاکھوں اصل امیدواروں کی زندگی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔x

## Delhi Police Mahua

دلّی پولیس نے TMC کی ممبر پارلیمنٹ مہوا موئترا کے خلاف ایک FIR درج کی ہے۔ یہ FIR، خواتین کے قومی کمیشن NCW کی سربراہ ریکھا شرما کے خلاف سوشل میڈیا پر مہوا موئترا کی رائے زنی کے سبب کی گئی ہے۔

TMC رہنما پر NCW کی سربراہ کی طرف سے ایک شکایت داخل کئے جانے کے بعد، بھارتیہ نیائے سنہتا کی دفعہ- اُناسی کے تحت الزام عائد کیا گیا ہے۔

اس سے پہلے NCW نے محترمہ موئترا کی رائے زنی کے خلاف اَزخود کارروائی کی تھی۔ کمیشن نے کہا تھا کہ یہ رائے زنی توہین آمیز ہے اور خواتین کے وقار کے حق کی خلاف ورزی کے مترادف ہے۔x

## NIA Arrest

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، آج جموں وکشمیر کے، منشیات و دہشت گردی تال میل کیس کے ایک اہم فرار مجرم کو گرفتار کیا ہے۔ سید سلیم جہانگیر اَندرابی عرف سلیم اَندرابی 2020 سے فرار تھا۔NIA نے بتایا کہ اُس کی گرفتاری، سرحد پار قائم دہشت گرد تنظیموں کی طرف سے، بھارت میں منشیات و دہشت گردی تال میل کو تباہ کرنے اور اُن کے مالی نظام کو منہدم کرنے کی، اُس کی کوششوں میں یہ ایک بڑی کامیابی ہے۔NIA نے 2020 میں یہ کیس، تحقیق کیلئے مقامی پولیس سے اپنے ہاتھ میں لیا تھا۔ تفتیش کے دوران NIA کو پتہ لگا کہ سلیم اندرابی، جموں وکشمیر اور بھارت کے دوسرے علاقوں میں نشیلی اشیاء خریدنے اور بیچنے، نیز فنڈز اکٹھا کرنے کی ایک سازش کا حصہ تھا۔ یہ سازش منشیات کے تاجروں نے ممنوعہ دہشت گردانہ تنظیموں لشکر طیبہ اور حزب المجاہدین کے کارندوں کے ساتھ مل کر تیار کی تھی۔ یہ دونوں تنظیمیں سرحد پار، پاکستان میں قائم ہیں۔NIA کے تفتیش کاروں نے پتہ لگایا کہ منشیات کی تجارت سے حاصل کی گئی رقوم، جموں وکشمیر میں دہشت گردی کو فروغ دینے کیلئے استعمال کی جاتی تھیں۔x

## J&K Soldier

جموں وکشمیر میں آج صبح راجوری کے سرحدی ضلعے کے ایک گاؤں میں دہشت گردوں نے ایک حفاظتی چوکی پر فائرنگ کردی، جس میں ایک فوجی اہلکار زخمی ہوگیا۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ دہشت گردوں نے گالوتھی گاؤں کے علاقائی فوج کی پوسٹ پر فائرنگ کی، جوابی کارروائی میں فوجیوں نے بھی فائرنگ کی۔ تقریباً آدھے گھنٹے تک چلی گولی باری میں فوج کا ایک اہلکار زخمی ہوگیا، جبکہ دہشت گرد قریب کے جنگل میں بھاگنے میں کامیاب ہوگئے۔ حفاظتی اہلکاروں کی جانب سے دہشت گردوں کو پکڑنے کیلئے بڑے پیمانے پر تلاش کارروائی جاری ہے۔x

## Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس اس مہینے کی 22 تاریخ سے شروع ہوگا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ اجلاس 12 اگست تک جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی بجٹ 2024-25 لوک سبھا میں 23 جولائی کو پیش کیا ہوگا۔ تیسری مدت کار میں نریندر مودی حکومت کا یہ پہلا بجٹ ہوگا۔x

## MP Tree Plantation Program

مدھیہ پردیش میں وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اور جنگلات اور ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے آج اِندور کے BSF رینج علاقے میں شجرکاری کے ایک پروگرام میں حصہ لیا۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم کے تحت اپنی ماں کی یاد میں ایک پودا لگایا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے قومی اور عالمی سطح پر اِندور کی خصوصی شناخت کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ اِندور، صاف ستھرا شہر ہونے کے ساتھ ساتھ نمبر ایک گرین سٹی بنے گا۔ جنگلات اور ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے ملک بھر میں 140 کروڑ درخت لگائے جانے کی جاری بڑی مہم کا ذکر کیا۔x

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں حفاظتی دستوں نے تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران سُکما ضلع سے پانچ ماؤنوازوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ سکیورٹی ٹیم نے ماؤنوازوں کے قبضے سے دو BGL Cells، نو فلیتے، ایک ٹفن بم اور دیگر اشیاء برآمد کی ہے۔x

## IMD Monsoon

بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے پانچ دنوں تک مغربی ساحل، شمال مشرق کے کئی علاقوں، مشرقی بھارت اور اترپردیش میں شدید سے شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اترپردیش کے کچھ علاقوں میں آج اور اِس مہینے کی 10 اور 11 تاریخ کو بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج اتراکھنڈ کے کچھ علاقوں میں بھی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ بہار کے کچھ علاقوں میں آج اور کل شدید بارش ہونے کا امکان ہے جبکہ اڈیشہ میں کل شدید بارش ہوسکتی ہے۔ آسام اور میگھالیہ میں آج اور اِس مہینے کی 10 اور 11 تاریخ کو بارش ہوسکتی ہے۔ اگلے پانچ دنوں کے دوران کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ اور کرناٹک کے ساحلی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی درجہ کی بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Uttarakhand Rain

اُتراکھنڈ میں مختلف جگہوں پر رُک رُک کر موسلادھار بارش ہورہی ہے۔ بارش کی وجہ سے میدانی اور پہاڑی علاقے متاثر ہیں۔ موسلادھار بارش کے سبب دریاؤں اور جھرنوں میں طغیانی ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں کو پانی کی جگہوں

سے دور رہنے کو کہا ہے۔ زمینی تودے کھسکنے کی وجہ سے مختلف جگہوں پر قومی شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں پر رکاوٹ پیدا ہوگئی ہے۔اسی دوران بغیر کسی التوا کے ان راستوں کو کھولنے کی کوششیں جاری ہیں۔ چمولی ضلع میں تقریباً 24 رابطہ سڑکیں بند ہیں۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے گڑھوال کے پوڑی اور چمولی ضلعوں سمیت کماؤں خطے میں اگلے چھ گھنٹے کیلئے کچھ جگہوں پر انتہائی شدید بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔محکمے کے مطابق آئندہ دنوں میں ریاست کے کچھ علاقوں میں بارش جاری رہے گی۔ موسلادھار بارش کے امکان کے پیش نظر محکمے نے مقامی لوگوں سمیت سیاحوں اور یاتریوں کو صلاح دی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور احتیاط برتیں۔x

## Squash

ایشین ڈبلز اسکویش چمپئن شپس میں آج بھارت کے اَبھے سنگھ نے، مردوں کے ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز، دونوں زمروں کے خطابات جیتے ہیں۔ یہ مقابلے ملیشیا کے شہر Johor میں کھیلے گئے۔ مردوں کے ڈبلز میں اَبھے کے جوڑی دارVelavan Senthikumar تھے۔ انہوں نے فائنل میں ملیشیا کے Ong Sai Hung اورشفیق کمال کی جوڑی کو گیارہ-چار، گیارہ-پانچ سے شکست دی۔ مکسڈ ڈبلز کے فائنل مقابلے میں اَبھے کی جوڑی دار Joshna Chinappa تھیں۔ اس جوڑی نے مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیتا۔تیسرے درجے کے بھارتی کھلاڑیوں نے ہانگ کانگ کے Tong Tsz Wing اور Tang Ming Hong کو فائنل میں گیارہ-آٹھ، دَس-گیارہ اور گیارہ-پانچ سے ہرایا۔x

## Men's Cricket

مردوں کے کرکٹ میں بھارت نے میزبان زمبابوے کو ہرارے میں دوسرے بین الاقوامی ٹی-ٹوینٹی مقابلے میں 100 رن سے ہرا دیا ہے۔ ٹاس جیتنے کے بعد، بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں دو وکٹ کے نقصان پر 234 رن بنائے۔ ابھیشیک شرما نے سب سے زیادہ 47 گیندوں میں 100 رن بنائے۔ رِتو راج گائیکواڈ نے 47 گیندوں میں 77 رن بنائے۔ جواب میں زمبابوے کی پوری ٹیم 18 اعشاریہ 4 اوورس میں 134 رن ہی بنا سکی۔ زمبابوے کی طرف سے ویسلی مدھویرے نے 39 گیندوں پر 43 رن جبکہ برائن بینٹ نے 9 گیندوں میں 26 رن بنائے۔ اِس جیت کے ساتھ پانچ میچوں کی سیریز میں بھارت نے ایک-ایک کی برابری کرلی ہے۔x

## Billairds

بلیرڈس میں Dhruv Sitwala نے کل رات ایشیائی چمپئن شپ کا خطاب جیت لیا۔ انھوں نے فائنل میں اپنے ہم وطن کھلاڑی Pankaj Advani کو پانچ-دو سے ہرایا۔ اِس شکست کے بعد، پنکج لگاتار تیسری مرتبہ خطاب حاصل کرنے سے محروم رہ گئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆